14

# آم

آم جو کھائے وہ للچائے
جو نہ کھائے وہ پچھتائے
بھینی بھینی خوش بو آئے
جو سب کے ہی من کو بھائے
سونے جیسی رنگت ان کی
ڈالی ڈالی سنگت ان کی
خوش بو اس کی بھینی بھینی
میٹھا گڑ ہے میٹھی چینی
خود کھائیں اوروں کو کھلائیں
کھانے سے جی بھر نہ پائیں
سب سے اچھی بات یہی ہے
گرمی کی سوغات یہی ہے

— عفت زرّیں



© NCERT not to be republished

# مشق

## 1. ان لفظوں کو لکھوائیے

آم ______ ______ ______ ______ ______

رنگت ______ ______ ______ ______ ______

خوش بو ______ ______ ______ ______ ______

سوغات ______ ______ ______ ______ ______

ڈالی ______ ______ ______ ______ ______



## 2. نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو بھروائیے

آم .............................. وہ للچائے

.............................. وہ پچھتائے

.............................. اوروں کو کھلائیں

کھانے سے جی ..............................

.............................. یہی ہے

© NCERT not to be republished

### اساتذہ کے لیے ہدایات:

- بچّوں سے آم سے متعلق بات چیت کی جائے۔
- نظم کو ترنم سے سنانے کی ترغیب دیں اور اس کے بارے میں لکھوایا جائے۔

## 3. حصّہ 'الف' اور حصّہ 'ب' کو نظم کے مطابق ملوایئے

| الف | ب |
| --- | --- |
| خود کھائیں اوروں کو کھلائیں | میٹھا گڑ ہے میٹھی چینی |
| آم جو کھائے وہ للچائے | جو سب کے ہی من کو بھائے |
| بھینی بھینی خوش بو آئے | جو نہ کھائے وہ پچھتائے |
| سونے جیسی رنگت ان کی | کھانے سے جی بھر نہ پائیں |
| خوش بو اس کی بھینی بھینی | ڈالی ڈالی سنگت ان کی |



© NCERT not to be republished



4. جن لفظوں میں نون غنہ (ں) استعمال ہوا ہے،
انھیں باکس میں لکھوائیے


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سندر | رنگت | سنگت | بھینی | اندر | اوروں |
| کھلائیں | پتنگ | من | دھنک | انجان | منظر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |

© NCERT not to be republished

5. حروف ملا کر لفظ بنوائیے

| کھ | ا | ئے | = .............................. |
|---|---|---|---|
| ا | چھ | ی | = .............................. |
| م | ی | ٹھ | ی = .............................. |
| بھ | ی | ن | ی = .............................. |









6. بچّوں سے ان کے پسندیدہ پھل کی تصویر بنوا کر رنگ بھروائیے

© NCERT
not to be republished



